نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب کے زیر اہتمام دوروزہ بین الاقوامی نمائش" کھادمیلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو2023" کا انعقاد 28 جنوری کو ہوگا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

نمائش میں بزنس ٹو بزنس میٹنگز و بین الاقوامی سیمینار کا خصوصی اہتمام ہوگا

لاہور26 جنوری2023( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق محکمہ زراعت کے زیرِ اہتمام دوروزہ بین الاقوامی نمائش" کھادمیلہ و پاکستان ہارٹی ایکسپو2023 " کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں پاکستانی پھلوں، سبزیوں اوران سے بنی مصنوعات کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔اس دوروزہ نمائش کے لئے 28اور29 جنوری کو سٹالز ایکسپو سنٹر جوہر ٹاؤن لاہور میں لگائے جائیں گے۔ترجمان محکمہ زراعت نے مزید کہا کہ اس نمائش کے موقع پر کاشتکاروں کے لئے اُن کے دستیاب بجٹ کے مطابق کھادوں کے متوازن استعمال کے متعلق تیار کردہ موبائل ایپلکیشن " کھادحساب" کا باقاعدہ افتتاح کیا جائے گا اور کاشتکاروں کو اس کے متعلق راہنمائی فراہم کی جائے گی تاکہ فصلوں کی فی ایکڑ پیداوار بڑھانے کے لئے متوازن کھادوں کے استعمال کو فروغ دیا جا سکے۔امسال اس نمائش میں 100 سے زائد سٹالز لگائے جائیں گے اور سعودی عرب، موریشئس، سری لنکا، جنوبی افریقہ، کینیا، بحرین، تاجکستان، قازقستان اور روس سے 45 ماہرین، ایکسپوٹرز و دیگر اسٹیک ہولڈرز شرکت کریں گے۔اس موقع پر بزنس ٹو بزنس میٹنگز کا اہتمام بھی کیا گیا ہے تاکہ زرعی برآمدات میں اضافہ ہو سکے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا کہ اس نمائش سے قبل محکمہ زراعت ایسی آٹھ نمائشوں کا انعقاد کر چکا ہے جس میں مجموعی طور پر 20 ممالک سے 150 سے زائد وفود نے شرکت کی۔ان نمائشوں کے انعقاد سے پاکستانی برآمدات میں مجموعی طور پر 20 ملین ڈالرز کا اضافہ ہوا تھا۔پاکستان ہارٹی ایکسپو2023 کے انعقاد سے زرعی شعبہ سے وابستہ لوگوں کو ایک ایسا پلیٹ فارم مہیا کیا جا رہا ہے جو پاکستانی مصنوعات کو پوری دنیا میں متعارف کروانے کا ذریعہ بنے گا اور ہماری زرعی برآمدات میں اضافہ ہوگا۔

☆☆☆☆